**AKASHVANI NEWS SRINAGAR**

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date: 09-August-2026**

**Time :07:40 / PM**

● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ●

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ●

ہیڈ لائنز

۱۔۔۔۔ملک بھر میں آج سے ہر گھر ترنگا مہم شروع ،، جموں وکشمیر کے سبھی **20** اضلاع میں تقریبات کا آغاز۔

۲۔۔۔۔بھارت چھوڑو تحریک کے مجاہدوں کو قومی سطح پر خراج ،، ایل جی منوج سنہا نے مجاہدین آزادی کو قوم کیلئے مشعل راہ دیا قرار۔

۳۔۔۔۔ جموں وکشمیر میں ریل رابطے کو مزید وسعت دینے کیلئے کئی اہم تفصیلی پروجیکٹوں کو ملی منظوری۔

اور

۴۔۔۔۔حکومت نے بھدرواہ میں رتن گڑھ قلعے کے رکھ رکھاؤ کیلئے 10 کروڑ روپے کے منصوبے کو کیا منظور۔

ہر گھر ترنگا

ملک بھر میں آج سے ہر گھر ترنگا مہم شروع ہوئی ہے جو ایک ہفتے تک جاری رہے گی۔اس مہم کا مقصد شہریوں کو قومی پرچم لہرانے، حب الوطنی، قومی اتحاد اور ہندوستان کے ثقافتی ورثے کا جشن منانے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دینا ہے۔ ہر گھر ترنگا مہم سال 2022 میں آزادی کا امرت مہوتسو کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر شروع ہوئی تھی۔ثقافت اور تمدن کی مرکزی وزارت نے عوام کو قومی پرچم پورے جذبے کے ساتھ لہرانے اور وطن کے تئیں آزادی کے شہیدوں کو یاد کرنے کی تقریبات میں شرکت کرنے کی اپیل کی۔اس بیچ جموں وکشمیر میں بھی آج سے ہر گھر ترنگا کی مہم کا باضابطہ آغاز ہوگیا ہے جو یوٹی کے سبھی 20 اضلاع میں شدومد سے چلائی جارہی ہے۔اس سلسلے میں پلوامہ کے ترال قصبے میں آج بجونی سپورٹس سٹیڈیم سے ایک بڑی ریلی نکالی گئی جو بس اسٹینڈ میں اختتام پذیر ہوئی۔ریلی میں حلقہ انتخاب ترال کے ممبر اسمبلی رفیق احمد نائک، ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم اور ایس ایس پی اونتی پورہ سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

ہر گھر ترنگا جے کے

اننت ناگ میں بھی ہر گھر ترنگا مہم کے آغاز پر آج ایک خصوصی تقریب ٹاون ہال میں منعقد ہوئی جس میں لوگوں کی بڑی تعداد نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔مہم کا آغاز ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین نے کیا۔انہوں نے اس موقعے پر ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----V/O-------

کولگام ضلعے کے منی سیکرٹریٹ میں ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے ہر گھر ترنگا اور وندے ماترم پروگرام کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر سرکاری اہلکاروں اور افسروں کے علاوہ طلباء اور عام لوگوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔کمشنر موصوف نے مہم کے سلسلے میں ہمارے نمائندے خورشید پڈورکو بتایا۔

-----V/O-----

دھرباڈی پورہ ضلعے کے مختلف اسکولوں میں بھی ہر گھر ترنگا مہم کے تحت Quiz مقابلوں کا انعقاد ہوا۔

**BJP ریلی**

ہر گھر ترنگا ابھیان کے تحت بی جے پی جموں وکشمیر کے اہتمام سے جموں میں ایک ترنگا بائک ریلی نکالی گئی۔پارٹی کے پردیش صدر ست شرما کی قیادت میں بھلید ان ستمبھ سے نکالی گئی اس ریلی میں پارٹی کے سینئر لیڈروں اور عام لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

## خراج عقیدت

قوم آج بھارت چھوڑ و تحریک کے مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کر رہی ہے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ ان سرفروشوں نے باباۓ قوم مہاتما گاندھی کی کال پر لبیک کہتے ہوئے قوم کو آزادی کی جدوجہد کو آگے لیجانے میں مثالی رول ادا کیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی بھارت چھوڑ و تحریک میں شرکت کرنے والوں کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان سرفروشوں کی ہمت اور جذبہ آزادی ہر بھارتی شہری کیلئے ایک تحریک ہے۔

## ایل جی خراج

ادھر جموں وکشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی بھارت چھوڑ و تحریک کے مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ بھارت چھوڑ و تحریک کے شرکاء نے راشٹر پتا مہاتما گاندھی سے تحریک پا کر جس پامردی کے ساتھ آزادی کی جدوجہد کو آگے بڑھایا اُس نے ملک کی آزادی کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنا دیا۔

## ریل پروجیکٹ

جموں وکشمیر میں ریل رابطے کو مزید وسعت دینے کی غرض سے ایک بڑی پیش رفت کے تحت کئی اہم تفصیلی پروجیکٹ رپورٹوں کو منظوری دی گئی ہے،ان میں جموں ، ریاسی اور پونچھ ریلوے لائن بھی شامل ہے۔ آکاشوانی کے جموں نمائندے کے مطابق 190 کلو میٹر لمبے اس مجوزہ ریلوے لائن کیلئے پہلے ہی DPR تیار کرنے کا عمل شروع کیا گیا ہے جبکہ جموں اور شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ کے درمیان اضافی 78 کلو میٹر مسافت والی لائن کیلئے سروے کرنے کو منظوری دی گئی ہے۔ جالندھر کینٹ اور جموں توی کے درمیان 216 کلو میٹر کی ریلوے لائن کیلئے بھی DPR تیار کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ سانبہ ضلعے میں گتی شکتی کارگو ٹرمنل بھی چالو کیا گیا ہے جبکہ کٹھوعہ، اننت ناگ اور جموں میں بھی اس قسم کے ٹرمنل بنانے کو منظوری دی جا چکی ہے۔

## بھدرواہ منصوبہ

حکومت نے جموں صوبے کے ڈوڈہ ضلعے کے بھدرواہ قصبے میں واقع رتن گڑھ قلعے کی شان رفتہ بحال کرنے اور اس کی تجدید کاری کیلئے 10 کروڑ روپے مالیت کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر نے ایک سوشل

میڈیا پوسٹ میں حکومت کے اس فیصلے کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے کا مقصد بھدروا
قصبے میں تاریخی اہمیت کی ثقافت کو تحفظ فراہم کرنا اور مقامی سطح پر سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے
موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ
www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری
ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

میاں الطاف

اننت ناگ راجوری پارلیمانی حلقے کے ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف احمد نے آج اننت ناگ ضلعے کے پہلگام
علاقے میں حالیہ بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا۔ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ
میاں الطاف نے متاثرہ لوگوں کے مسائل متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھانے کا یقین دلایا۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات
کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

-----V/O----

**NC**

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کیلئے ریاستی درجے اور عوام کے آئینی اور جمہوری
حقوق کی بحالی پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔سرینگر میں آج پارٹی صدر دفتر نوائے صبح پر پارٹی ورکروں کی ایک میٹنگ سے
خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستی درجے کی بحالی جموں وکشمیر کے عوام کا جمہوری حق ہے اور اس حق سے
انہیں زیادہ دیر تک محروم نہیں رکھا جاسکتا ہے۔

**BJP**

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما کی صدارت میں آج جموں میں پارٹی لیڈروں کی ایک
میٹنگ منعقد ہوئی جس میں جموں وکشمیر کی سیاسی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔پارٹی لیڈروں نے الزام عائد کیا کہ یوٹی میں
نیشنل کانفرنس سرکار کی ناکامیوں سے لوگوں میں غم وغصہ بڑھ گیا ہے۔میٹنگ میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل
شرما اور جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کول کے علاوہ دیگر کئی لیڈران بھی موجود تھے۔

شاہین

جنتادل یونائٹیڈ کے صدر جی ایم شاہین نے سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیکھاوت سے جموں وکشمیر میں ٹورازم ہ صنعت کے احیاء کیلئے خصوصی امداد کی اپیل کی ہے ۔انہوں نے کہا کہ سیاحت کا شعبہ جموں وکشمیر کی معیشت کیلئے ریڈ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ ہزاروں لوگوں کی روزی روٹی کا اہم ذریعہ ہے ۔

عرس مبارک

حقانی میموریل ٹرسٹ اور متحدہ علمائے اہل سنت نے جموں وکشمیر کے لوگوں کو سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں مبارکباد پیش کی ہے ۔اپنے الگ الگ پیغامات میں ان انجمنوں کے زعماء نے کہا ہے کہ اولیائے کرام کی حیات طیبہ ہر دور میں مشعل راہ ہے ۔اس دوران آثار شریف پنجورہ شوپیان کے متولی میر بشیر احمد نے میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں زائرین کی سہولت کیلئے مناسب انتظامات کرنے کی انتظامیہ سے مانگ کی ہے ۔

عرس

نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر محمد شفیع اوڑی اور ایم ایل اے ڈاکٹر سجاد شفیع اوڑی نے انتظامیہ سے حضرت بابا عبدالغفور مسعودی رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں بونیار اوڑی میں زائرین کی سہولیت کیلئے بنیادی سہولیات فراہم رکھنے کی اپیل کی ہے ۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا ناساز گار موسمی صورتحال اور یاترا روٹس پر مرمت کے کام کے پیش نظر آج دونوں راستوں بال تل اور پہلگام سے معطل کر دی گئی ہے ۔واضح رہے 3 جولائی سے شروع ہوئی یاترا کے دوران کل شام تک 4 لاکھ 80 ہزار یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دی ہے ۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے ۔امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے ۔امیدوار کیلئے انگریزی وارد ومتن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے ۔امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے ۔اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں ۔خواہشمند امیدوار مزید تفصیلات اور مطبوعہ درخواست فارم ویب سائٹ

درخواست کے ساتھ لازمی دستاویزات www.newsonair.gov.in/vacancies سے حاصل کر سکتے ہیں۔ درخواست کے ساتھ لازمی دستاویزات کے علاوہ جنرل کٹیگری کے امیدواروں کو ڈرائینگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر آکاشوانی سرینگر کے نام 354 روپے کا (نان ریفنڈیبل) بینک ڈرافٹ بطور پراسیسنگ فیس رکھنا لازمی ہے جبکہ ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو پروسیسنگ فیس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ امیدواروں کو تحریری امتحان اور وائس ٹیسٹ سے گزرنا ہوگا۔ منتخب ہونے والے کیجول نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کو ضرورت کی بنیاد پر بکنگ دی جائے گی۔ مزید تفصیلات کیلئے ہمارے فون نمبرات 0194- 2452019 یا 7006958620 سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

پولیس

بارہ مولہ پولیس نے ضلعے کے چندوسہ پولیس اسٹیشن میں **2008** میں دہشت گردی سے متعلق درج کئے گئے ایک کیس کے تعلق سے ملزم پرویز احمد فامدہ کی جائیداد اٹیچ کرنے کیلئے **NIA** کی سوپور عدالت سے احکامات حاصل کئے ہیں۔ عدالت کے حکم کے مطابق پولیس نے مذکورہ شخص کی تقریباً **70** لاکھ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔ اس دوران پولیس نے سوپور میں جماعت اسلامی کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے **26** مقامات پر چھاپے مارے ہیں۔

تعزیت

ساگر کلچرل فورم نے تنظیم کی سینئر ممبر ایڈوکیٹ رابیعہ خورشید کے والد خورشید احمد بابا کے انتقال پر سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.4** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33.6** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25.3** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **48** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **24** منٹ پر ہوگا۔

## Closing

اسی کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ ایک وقفے کے بعد آپ سنئے تبصرہ۔ ہمیں دیجئے اجازت۔ خدا حافظ۔